21777 ـ حیوان کے مصادر سے ویٹامن (D3) کا حکم

سوال

کیا ہمارے لیے امریکہ میں ویٹامن ڈی تھری (D3) پر مشتمل دودھ پینا جائز ہے، ہم نے سنا ہے کہ مذکورہ ویٹامن حیوان اور جانور کے اجزاء سے حاصل کیے جاتے ہیں مثلا خنزیر کا چمڑا یا اس کا دماغ، مچھلی کا جگر، اور بکرے کا چمڑا، اور پھر اسے تیار کرنے کے بعد ملایا جاتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ کو یہ تحقیق کرنی چاہیے کہ آپ کے جسم کس طرح کا کھانا یا پینا جا رہا ہے، کیونکہ جو جسم بھی حرام پر پلتا ہے وہ آگ کے لیے زیادہ بہتر ہے، اس لیے آپ کو چاہیے کہ آپ تحقیق کریں، اگر تو بالفعل دودھ یا دوسری اشیاء میں ایسی اشیاء ڈالی جاتی ہیں جنہیں اللہ تعالی نے حرام کیا ہے، تو پھر اس وقت آپ کے لیے وہ دودھ پینا اور تناول کرنا جائز نہیں.

رہا مچھلی کا جگر تو یہ حلال ہے، چاہے مچھلی مردہ بھی ہو، اور اسی طرح بکری کا چمڑا بھی اگر وہ بکری ذبح کی گئی ہو یا وہ جلد دباغت شدہ یعنی رنگی ہوئی ہو تو وہ حلال ہے.